انفارمیشن خط ***Skolesteg*** کے بارے میں

گھروں کے لئے!

ہم چاہتے ہیں کہ تمام طلباء کو اسکول میں کامیابی ملے. اسکول میں کامیاب ہونے کے معنی صرف اچھی طرح سے پڑھنے اور ریاضی کا حساب کرنے کے بارے میں نہیں ہے. کامیاب ہونے کے معنی یہ بھی ہیں کہ
ہم جانتے ہیں کہ ہم کس طرح سیکھتے ہیں اور دوسروں کے ساتھ کیسے ملنا ہے. ہم ان اہم مہارتوں کو سیکھنے کے لئے سکول سٹیگ کا استعمال کرنا چاہتے ہیں.

سکول سٹیگ کے ساتھ کام میں، طلباء مندرجہ ذیل چار حصوں میں مہارت سیکھتے ہیں:

1. سیکھنے کی مہارت: طلباء کو مہارت حاصل ہوتی ہے جو انہیں بہتر بننے میں مدد کرتی ہیں. وہ بہتر توجہ مرکوز رکھتے ہیں، غور سے سنتے ہیں اور کام کے تسلسل کو برقرار رکھنے کے لئے خود سے سیکھتے ہیں. وہ خود اعتمادی سیکھتے ہیں. اور جب ان کی ضرورت ہوتی ہے تو مدد کے لئے سوال کرنا سیکھتے ہیں.

2. ہمدردی: طلباء کو ان کے اپنے اور دوسروں کے احساسات کو پہچاننے اور سمجھنے کی صلاحیت حاصل ہوتی ہے. وہ دوسروں کے نقطہ نظر کو دیکھنا, دوسروں کی طرف سے واقعات کو سمجھنا,اور دوسروں کی دیکھ بھال کرنا سیکھتے ہیں.

3. جذبات پر گرفت: طلباء سیکھتے ہیں کہ کس طرح اپنے جذبات , جیسے
غصہ آنے پر اور پریشان حالت میں پرسکون رہنا ہے.

4. مسائل کو حل کرنا: طلباء ایک مثبت طریقے سے دوسروں کے ساتھ مسائل کو حل کرنا سیکھتے ہیں.

آپ کا بچہ اس سال بہت کچھ سیکھ جائے گا اور اسے آپ کی مدد کی ضرورت ہوگی. سال کے دوران آپ کے بچے کو خط ملے گا جس کو *Foreldrelenke* کہا جاتا ہے اور یہ سکول سٹیگ کے سب موضوعات سے متعلق ہوگا.
Foreldrelenke میں سادہ سرگرمیاں لکھی ہیں جو آپ اور آپ کا بچہ ایک ساتھ مل کر, کر سکتے ہیں.
یہ آپ کو اچھا موقع فراہم کرے گا آپ جانیں گے آپ کا بچہ اسکول میں کیا سیکھتا ہے, اور اس کو مشق کرنے کا موقع ملے گا-اس طرح آپ کا بچہ آپ کو دکھا سکتا ہے کہ اس نے کیا سیکھا ہے.

اگر آپ کو سکول سٹیگ کے بارے میں سوالات ہیں تو، براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں.

ہم آپ کے بچے کی مہارت میں اضافہ کرنے کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں, جو اس کو اسکول میں اور زندگی میں کامیاب ہونے میں مدد دے گی.

آپ کا/ کی شکر گزار